سوال

میت کوعذاب ہونے کا مسئلہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب میت کو دفن نہ کیا جائے اور اسے درندے کھا جائیں یا ہوائیں اڑا دیں تو کیا اسے بھی عذاب قبر سے سابقہ پڑے گا۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں! کیونکہ عذاب روح کو ہوتا ہے اور جسم تو تلف ہو کر فنا ہو جاتا ہے لیکن یہ ایک غیبی امر ہے، اس لئے میں پورے وثوق سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ جسم کو اس نوعیت کا عذاب نہیں ہوتا۔ ممکن ہے جسم کو اس صورت میں بھی عذاب ہوتا ہو، خواہ وہ فنا ہو جائے یا جل کر راکھ ہو جائے، کیونکہ انسان اخروی معاملات کو دنیوی حالات پر قیاس نہیں کر سکتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل: صفحہ 107